الطاف حسین کی جانب سے ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

لندن۔۔۔8،نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کوان کے مذہبی تہوار دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے ۔ایک تہنیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دنیا کے ہر مذہب میں مذہبی تہوار کوخصوصی اہمیت دی جاتی ہے اوران ایام میں ہر مذہب کے ماننے والے اپنے اپنے عقیدے کے مطابق خوشیاں مناتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری اورفرقہ وارانہ ہم آہنگی پر یقین رکھتی ہے اور پاکستان میں بسنے والے مذہبی اقلیتوں کو نہ صرف پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے بلکہ ان کے جائز حقوق کا بھی کھلے دل سے احترام کرتی ہے ۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہندو برادری سے اپیل کی کہ وہ اپنی عبادات میں پاکستان کی ترقی ، عوام کی خوشحالی اور ملک وقوم کو درپیش موجودہ خطرات سے نجات کیلئے خصوصی دعا کریں ۔

رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی بھانجی عذرا حسین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت
مرحومہ کی تدفین میں حق پرست نمائندگان اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔8،نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی بھانجی عذرا حسین زوجہ سید امیر الحسن مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء مرحومہ کو بدھ کی شب پاپوش نگر قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ مسجد قباء بلاک ج (J) نارتھ ناظم آباد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر قمر منصور،حق پرست رکن سندھ اسمبلی ادریس صدیقی،نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے ناظم ممتاز حمید،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں مرحومہ کا سوئم کل بروز جمعہ فاروق اعظم مسجد نارتھ ناظم آباد میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔مزید براں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ خورشید افسر،نائب سٹی ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل اور رکن سندھ اسمبلی محترمہ بلقیس مختار نے مرحومہ کی رہائش گاہ جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اوران کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔

عمران خان غریب طلباء کو قربانی کا بکرا بنانے کی گھناؤنی کوشش کررہے ہیں،ایم اوسی

کراچی۔۔۔8،نومبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی جانب سے طلباء برادری سے سڑکوں پر آنے کی اپیل پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ گرفتاری کے خوف سے چھپنے والے کس منہ سے غریب طلباء کو سڑکوں پر آنے کی تلقین کررہے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کی منافقانہ سیاست کا پردہ چاک ہوچکا ہے اور دنیا جان چکی ہے کہ عمران خان بھی سیاسی مفادات کے حصول کیلئے غریب طلباء کو قربانی کا بکرا بنانے کی گھناؤنی کوشش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب عمران خان طالبعلموں کو سڑکوں پر آکر احتجاج کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں جبکہ دوسری جانب وہ گرفتاری کے خوف سے باہر نکلنے کو تیار نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر کسی بھی آزمائش کے مرحلے میں خود قربانی دینے کے بجائے قوم سے قربانی پیش کرنے کی اپیل کریں وہ عوام سے کس طرح مخلص ہوسکتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام باشعور ہیں اور وہ نام نہاد سیاسی ومذہبی رہنماؤں کی چالوں سے اچھی طرح واقف ہوچکے ہیں اور وہ کسی بھی مفاد پرست سیاستداں کے مفادات کی بھٹی کا ایندھن ہرگز نہیں بنیں گے۔

☆☆☆☆☆